© rasailojaraid.com

خادم حسین

# کلچر کی بیماری

مال، پھیرو، فون موبائل — عزت، عصمت، عفت گھائل
بیٹی بہنیں ننگی عریاں — نیم برہنہ جیسے پریاں
بیوٹی پارلروں سے آتی — بازاروں میں شوق سے جاتی
شاپنگ کرتی پھرتی ہیں یہ — لاشیں چلتی پھرتی ہیں یہ
حرص و ہوا کی ماری ہیں یہ — آدھی ترچھی ناری ہیں یہ
شرم و حیا سے عاری ہیں یہ — کلچر کی بیماری ہیں یہ
کوئی اچکا ان کے پیچھے — پیار سے گھر کا رستہ پوچھے
پھر وہ اچانک گھر آجائے — اندیشہ ہے، مارا جائے
بیٹی فوراً کہتی ہے یہ! — پاپا! میرا جماعتی ہے یہ
اس نے اک دن اک منڈے سے — بچایا مجھ کو اک غنڈے سے
بیٹی اس کو پاس بٹھائے — پیٹی بسکٹ آپ کھلائے
ہیلو ڈارلنگ کہتی جائے — برا بھلا سب سہتی جائے
باتیں نرم ملائم چکنی — شوخ ادائیں ایماں شکنی
روز بروز کا آنا جانا — ویل ماڈ تھا سارا گھرانا
آخر اک دن بیٹی ان کی — کر گئی قسمت ہیٹی ان کی
ساتھ وہ اُس کے ایسی بھاگی — عزت سوئی، ذلت جاگی
باپ کے منہ پر کالک مل گئی — لبرل تھی وہ سر کے بل گئی
بے دینوں کی قسمت پھوٹی — اک دوجے کی دنیا لوٹی
پیت نہ جانے جات کجات — آجائے جب ہات میں ہات



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نہ کوئی حیلہ نہ کوئی حل — لبرل لڑکی لاینحل!
حرص و ہوس کے بندے ہیں یہ — خاروخس ہیں مندے ہیں یہ
بہرے ہیں یہ اندھے ہیں یہ — خانہ زاد ہیں گندے ہیں یہ
انہیں کوئی بھی خیال نہ آیا — دل میں ذرا ملال نہ آیا
پاک نبی نے خود فرمایا — "عورت پر شیطان کا سایا"
خوب سنور کر باہر جائے — آگا پیچھا خوب اچکائے
شیطان لوگوں کو بہکائے — "ہپ ہپ ہرے" کرتا جائے


## دین میں صحابہؓ کا مقام اور حیثیت

خطاب ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری

قیمت =/10روپے

ایک مظلوم ترین صحابیؓ رسول

## سیدنا مروان بن حکم رضی اللہ عنہ

قیمت =/10روپے

## اسلام اور جمہوریت

خطاب ابن امیر شریعت سید عطاء المحسن بخاری

قیمت =/20روپے

## بخاری اکیڈمی

دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان (فون: 511961)




© rasailojaraid.com